AQF / Shabbir

03-06-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 لوک سبھا انتخابات کے سبھی ساتوں مرحلوں کے تحت ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی کل صبح 8 بجے شروع ہوجائے گی۔ انتخابی کمیشن نے پول افسران کیلئے ایک ہینڈبک جاری کی ہے۔

2. UPI کا لین دین اب تک کی ریکارڈ سطح پر پہنچ گیا ہے۔ یہ مئی میں 14 ارب 4 کروڑ سطح پر پہنچ گیا۔

3. آسام سیلاب میں مرنے والوں کی تعداد 14 ہوگئی ہے اور پانچ لاکھ سے زیادہ لوگ متاثر ہوئے ہیں۔

4. بھارت کے محکمہ موسمیات نے شمال مغربی، وسطی اور مشرقی بھارت میں اگلے دو دن تک کچھ کم شدت تک گرمی برقرار رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

5. اور ٹینس میں : پیرس میں کل رات روہن بوپنا اور میتھو ایبڈن کی بھارت-آسٹریلیائی جوڑی، فرینچ اوپن کے مردوں کے ڈبلز کے تیسرے راؤنڈ میں پہنچ گئی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

## COUNTING VOTES

لوک سبھا انتخابات کیلئے ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی کل کی جائے گی۔ آندھرا پردیش اور اڈیشہ میں اسمبلی انتخابات اور اسمبلی حلقوں کے ضمنی انتخابات کیلئے ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی بھی کل ہی ہوگی۔ گنتی کا عمل صبح 8 بجے شروع ہوگا۔ انتخابی کمیشن نے بتایا کہ گنتی کے رُجحانات اور نتائج، ECI کی ویب سائٹ : results.eci.gov.in پر دستیاب ہوں گے۔ یہ نتائج ووٹر ہیلپ لائن ایپ پر بھی دستیاب ہوں گے، جسے گوگل پلے اسٹور یا ایپل پلے اسٹور سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

کمیشن نے، ریٹرنگ افسران اور کاؤنٹنگ ایجنٹس کیلئے ایک ہینڈبک بھی جاری کی ہے، جو اُس کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ کمیشن نے یہ بھی بتایا کہ گنتی سے متعلق انتظامات، ووٹوں کی گنتی کے عمل اور EVMs اور VVPATs کو رکھے جانے کے بارے میں معلومات، ECI کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔×

## COUNTING CEOs

اترپردیش میں لوک سبھا کی 80 سیٹوں کی ووٹوں کی گنتی کے لیے سبھی انتظامات کرلیے گئے ہیں۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے ریاست کے اعلیٰ انتخابی افسر (سی ای او) Navdeep Rinwa نے بتایا کہ کُل ریاست کے 75 ضلعوں میں ووٹوں کی گنتی والے 81 مراکز پر ووٹوں کی گنتی کی جائے گی۔ CEO نے بتایا کہ ووٹوں کی گنتی کے عمل کی نگرانی کرنے کے لیے بھارت کے انتخابی کمیشن نے ایک سو اُناسی مرکزی مشاہد تعینات کیے ہیں۔

ہم نے چھتیس گڑھ کی اعلیٰ انتخابی افسر رینا بابا صاحب کنگالے سے کل کی ووٹوں کی گنتی کے لیے تیاریوں کے بارے میں بات کی۔ ہم نے ہماچل پردیش کے اعلیٰ انتخابی افسر منیش گرگ سے بھی ریاست میں ووٹوں کی گنتی کے لیے تیاریوں سے متعلق بات چیت کی۔

## DELHI COUNTING VOTES

دلّی میں لوک سبھا کی سبھی 7 سیٹوں کیلئے ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی، خوش اسلوبی سے کرائے جانے کو یقینی بنانے کیلئے سبھی انتظامات کرلئے گئے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V-C Adarsh**

*قومی راجدھانی دلّی میں ووٹوں کی گنتی کل صبح آٹھ بجے سے شروع ہوگی۔ دلّی میں ووٹوں کی گنتی کیلئے 7 مراکز قائم کیے گئے ہیں۔ چاندنی چوک پارلیمانی حلقے میں بھرت نگر، شمال مشرقی دلّی میں نند نگری، مشرقی دلّی میں کامن ویلتھ گیمس اسپورٹ کمپلیکس، نئی دلّی پارلیمانی حلقہ میں گول مارکیٹ، شمال مغربی دلّی میں شاہ آباد دولت پور، مغربی دلّی میں دوارکا سیکٹر-3 اور جنوبی دلّی لوک سبھا سیٹ کیلئے سری فورٹ میں ووٹوں کی گنتی کے مراکز قائم کیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ الیکشن کمیشن آج دلّی میں ایک پریس کانفرنس بھی کرے گا۔*

*آکاشوانی دلّی سے آدرش کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں ......*

دلّی میں لوک سبھا انتخابات کیلئے پولنگ پچھلے مہینے کی 25 تاریخ کو کرائی گئی تھی۔ یہاں 58 اعشاریہ چھ نو فیصد ووٹ ڈالے گئے تھے۔×

## BIHAR COUNTING

بہار میں لوک سبھا کی سبھی 40 سیٹوں کیلئے کل ہونے والی ووٹوں کی گنتی کیلئے سبھی انتظامات کرلئے گئے ہیں۔39 خاتون امیدواروں سمیت 497 امیدواروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ کل ہوگا۔

Agiaon اسمبلی حلقے کیلئے ووٹوں کی گنتی بھی کل کی جائے گی، جہاں پہلی جون کو ضمنی چناؤ ہوا تھا۔ ضلع کے مختلف ہیڈکوارٹرس میں قائم کئے گئے ووٹوں کی گنتی کے مراکز پر سکیورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے ہیں۔×

**JHARKHAND COUTING**

جھارکھنڈ میں ووٹوں کی گنتی کے لیے خاطر خواہ بندوبست کیا گیا ہے۔ اعلیٰ انتخابی افسر کے۔روی کمارنے نے آکاشوانی نیوز کو بتایا کہ ریاست بھر میں ووٹوں کی گنتی کے 14 مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ 14 پارلیمانی حلقوں کے ووٹوں کی گنتی شام چار بجے تک مکمل ہونے کا امکان ہے۔
اعلیٰ انتخابی افسر نے اس بات کا بھی تذکرہ کیا کہ اس بار ڈاک سے بھیجے گئے ووٹوں کی تعداد زیادہ ہے۔ پُرامن کاؤنٹنگ کو یقینی بنانے کے لیے ووٹوں کی گنتی کے مراکز کے اندر اور اطراف سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔x

**WB-ERPOLL**

مغربی بنگال میں باراسَت اور متھرا پور پارلیمانی حلقوں کے تحت 17 نمبر اور 20 نمبر کے پولنگ بوتھ پر آج دوبارہ پولنگ کی جارہی ہے۔ ووٹنگ صبح 7 شروع ہوئی، جو شام 6 بجے تک جاری رہے گی۔ اِن دو حلقوں میں لوک سبھا انتخابات کے ساتویں مرحلے کے تحت یکم جون کو پولنگ کرائی گئی تھی۔×

**PM-OVERALL MEET**

وزیراعظم نریندر مودی نے شدید گرمی اور سمندری طوفان کے بعد کی صورتحال اور دیگر موضوعات کا جائزہ لینے کیلئے کل نئی دلّی میں کئی میٹنگس کیں۔ ایک میٹنگ کے دوران، جو سمندری طوفان ریمل کے بعد کے حالات کا جائزہ لینے کیلئے منعقد کی گئی تھی، وزیراعظم کو متاثرہ ریاستوں میں طوفان کے اثرات کے بارے میں جانکاری دی گئی۔ میزورم، آسام، منی پور، میگھالیہ اور تریپورہ میں زمینی تودے کھسکنے اور سیلاب کے سبب انسانی جانیں تلف ہونے اور املاک کو نقصان پہنچنے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔
وزیراعظم نے کہا کہ حکومت طوفان سے متاثرہ ریاستوں کو پوری طرح مدد دیتی رہے گی۔ انہوں نے وزارت داخلہ کو بھی ہدایت دی کہ وہ صورتحال پر قریبی نظر رکھے اور وہاں حالات کی بحالی کیلئے ضروری امداد کے مقصد سے لگاتار جائزہ لیتی رہے۔ وزیراعظم نے ہدایت دی کہ آگ کے حادثات کی روک تھام کیلئے بھی ٹھیک ڈھنگ سے مشق کی جاتی رہے۔ اس کے علاوہ اسپتالوں اور دیگر عوامی مقامات پر فائر آڈٹ اور بجلی کے آلات کا حفاظتی جائزہ بھی لگاتار لیا جاتا رہے۔×

**PM-ARUNACHAL**

وزیراعظم نریندر مودی نے اروناچل پردیش کے عوام کا شکریہ ادا کیا ہے، جنھوں نے ترقی کی سیاست کیلئے متفقہ رائے دی ہے۔ وزیراعظم نے ریاست میں ایک بار پھر BJP میں اپنے اعتماد کو ظاہر کرنے کیلئے اُن کے تئیں تشکر کا اظہار کیا ہے۔

BJP صدر جگت پرکاش نڈّا نے ریاستی اسمبلی انتخابات میں BJP کی کامیابی کے لیے اروناچل پردیش کے لوگوں کے تئیں تشکر کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت کی ستائش کی اور کہا کہ پارٹی وکست بھارت اور وکست اروناچل پردیش کے وژن کو پورا کرنے کے لیے عہدبستہ ہے۔x

**PM-SIKKIM ELECTION**

وزیراعظم نریندر مودی نے سکم اسمبلی انتخابات میں کامیابی حاصل کرنے پر سکم کرانتی کاری مورچہ اور سکم کے وزیراعلیٰ پریم سنگھ تمانگ کو بھی مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ وہ سکم کی مزید ترقی کے لیے ریاستی حکومت کے ساتھ مل کر کام کرنے کے متمنی ہیں۔x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**UPI**

یونیفائیڈ پیمنٹ انٹرفیس UPI کے ذریعے رقوم کا لین دین، مئی میں سب سے زیادہ رہا۔ یہ لین دین 14 اَرب چار کروڑ بار کیا گیا، جس کی مالیت 20 اعشاریہ چار پانچ ٹریلین روپے رہی۔ اپریل میں 13 ارب 30 کروڑ بار کئے گئے لین دین کے مقابلے، مئی کے لین دین میں 6 فیصد اضافہ رہا، جو مالیت کے اعتبار سے 4 فیصد زیادہ ہے، کیونکہ اپریل میں کیا گیا یہ لین دین مالیت کے اعتبار سے 19 اعشاریہ چھ چار ٹریلین تھا۔

بھارت کے، رقوم کی ادائیگیوں سے متعلق قومی کارپوریشن NPCI کی طرف سے جاری کئے گئے اعداد وشمار میں بتایا گیا ہے کہ مئی کے یہ اعداد وشمار، 2023 کے اسی ماہ میں کئے گئے لین دین سے، تعداد کے اعتبار سے 49 فیصد، اور مالیت کے اعتبار سے 39 فیصد زیادہ ہیں۔ مئی کے یہ اعداد وشمار، اپریل 2016 میں، UPI شروع کئے جانے کے بعد سے اب تک، تعداد اور مالیت دونوں اعتبار سے سب سے زیادہ ہیں۔

فوری ادائیگی سروس IMPS کی رقم میں بھی، مئی کے مہینے میں، تعداد کے اعتبار سے کچھ ہی زیادہ اضافہ ہوا، جو ایک اعشاریہ چار پانچ فیصد ہے۔ یعنی رقوم کا یہ لین دین 55 کروڑ 80 لاکھ مرتبہ کیا گیا۔ جبکہ اپریل میں یہ لین دین 55 کروڑ

بار کیا گیا۔ مالیت کے اعتبار سے مئی میں دو اعشاریہ تین چھ فیصد کا اضافہ ہوا، جو چھ اعشاریہ صفر چھ ٹریلین روپے ہے۔ جبکہ اپریل میں یہ رقم پانچ اعشاریہ نو دو ٹریلین روپے تھی۔ پچھلے سال اسی ماہ میں کی گئی ادائیگیوں کے مقابلے، اس سال مئی میں کی گئی ادائیگیوں میں 12 فیصد اضافہ ہوا ہے، جبکہ مالیت کے اعتبار سے یہ اضافہ 15 فیصد رہا۔×

## HEALTH IHR ASSEMBLY

صحت کی سلامتی کے عالمی ایجنڈے کے تحت ایک بڑی کامیابی یہ ملی ہے کہ 77 ویں عالمی صحت اسمبلی نے صحت سے متعلق بین الاقوامی ضابطوں میں کی جانے والی ترامیم کے پیکج سے اتفاق کرلیا ہے۔ یہ پیکج، کووڈ-19 عالمی وبا کے بعد، رُکن ملکوں کی طرف سے پیش کی گئی 300 تجویزوں پر مبنی ہے۔ اِن ترامیم کا مقصد ملکوں کی اس اہلیت کو بہتر بنانا ہے کہ وہ خود کو بین الاقوامی تشویش اور عالمی وبا سے متعلق ہنگامی حالات سے نمٹنے کیلئے تیار کریں۔

صحت کے مرکزی سکریٹری اپوروا چندر نے، جو 77 ویں عالمی صحت اسمبلی کی کمیٹی-اے کے صدرنشیں ہیں، کل جنیوا میں ایک مکمل اجلاس میں اپنے اختتامی کلمات کا اظہار کیا۔ پچھلے 6 دن میں کمیٹی-اے کی کارکردگی پر اپنی رپورٹ پیش کرتے ہوئے جناب چندر نے اس زبردست ایجنڈے کو عمدہ دلیلوں کے ساتھ اسمبلی میں پیش کیا، جس کے بعد اسمبلی اس نتیجے پر پہنچی کہ اس ایجنڈے سے عالمی صحت کے مستقبل کو ایک شکل ملے گی۔×س

## AMUL MILK PRICE

گجرات کوآپریٹو ملک مارکیٹنگ فیڈریشن GCMMF نے، جو اَمُل معرکے کے تحت اور دودھ اور اس کی مصنوعات کی مارکیٹنگ کرتی ہے، پلاسٹک کی تھیلیوں پیک کئے گئے دودھ کی قیمت میں فی لیٹر 2 روپے کے اضافے کا اعلان کیا ہے۔ یہ قیمت آج سے لاگو ہوگئی ہے۔ اب اَمُل دودھ کی قیمت ملک میں سبھی مارکیٹس میں دو روپے فی لیٹر زیادہ ہوگئی ہے۔×

## ASSAM FLOOD

آسام میں، سیلاب کی صورتحال مسلسل خراب ہے، کیونکہ طغیانی کے شکار 13 اضلاع میں پانچ لاکھ سے زیادہ لوگ اِس سے متاثر ہیں۔ پچھلے 24 گھنٹے کے دوران تین افراد کی جانیں گئی ہیں اور اِس سیلاب سے مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 14 ہوگئی ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V/C AMINUL

*آسام میں سیلاب کی وجہ سے 13 اضلاع میں 564 گاؤوں کے پانچ لاکھ سے زیادہ لوگ متاثر ہیں اور ریاست کے آٹھ ہزار ہیکیٹر سے زیادہ فصل والے علاقوں کو نقصان پہنچا ہے۔ ریاستی حکومت*

*نے اِن اضلاع میں 193 امدادی کیمپ اور 82 امداد تقسیم کرنے والے مراکز کھولے ہیں۔NDRF اور SDRF ٹیموں کو بچاؤ اور امدادی کارروائیوں کیلئے تعینات کیا گیا ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق پچھلے 24 گھنٹے کے دوران کچھار میں دو اور Nagaon ضلعے میں ایک شخص کی جان گئی ہے۔ کچھار ضلعے میں ایک معمر شخص اور ایک بچہ بھی لاپتہ ہے۔ آسام کی آفات کے بندوبست سے متعلق اتھارٹی (ASDMA) کے مطابق مختلف ضلعوں میں سیلاب کے پانی سے 103 سڑکوں، پشتے اور دیگر بنیادی ڈھانچے کو نقصان پہنچا ہے۔ گوہاٹی، گوالپاڑہ اور ڈھبری میں برہم پتر دریا میں پانی کی سطح میں اضافہ ہو رہا ہے۔*

*گوہاٹی سے Aminul کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ...............*

**IMD WEATHER**

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے پیشگوئی کی ہے کہ شمال مغربی، وسطی اور مشرقی بھارت میں اگلے دو روز کے دوران شدید گرمی کے حالات میں کمی آجائے گی۔ ہم نے IMD کے سینئر سائنسداں آر۔کے جینا منی سے ملک میں گرمی کی شدید لہر کے بارے میں بات کی۔

اِس دوران موسمیات کے محکمے نے مغربی بنگال اور شمال مشرقی بھارت میں اگلے چھ روز کے دوران گرج چمک، بجلی اور زور دار ہواؤں کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ جنوبی بھارت میں کیرالہ، لکشدیپ، انڈومان نکوبار جزائر اور کرناٹک میں اِس مدت کے دوران اِسی طرح کے حالات رہنے کا امکان ہے۔

**INS MYSOLRE**

دشمن کے لئے تباہ کُن اور ہراول دستے کے جہاز INS میسور نے کل اپنی سلور جوبلی منائی، جیسا کہ اس کی خدمات کے شاندار 25 سال پورے ہوگئے۔ اس موقع پر خون کے عطئے کا ایک کیمپ بھی لگایا گیا۔ ملک ہی میں ڈیزائن اور تعمیر کیا گیا یہ جہاز، دلّی زُمرے کے تباہ کن جہازوں میں سے یہ دوسرا جہاز ہے۔

INS میسور نے بہت سے اہم مشنوں اور کارروائیوں میں حصہ لیا، جسے کئی بار دادِتحسین حاصل ہوئی اور اعزازات سے نوازا گیا۔ یہ جہاز بھارتی فوج کی مدراس رجمنٹ سے منسلک ہے، جو فوج کی دو شاخوں کے درمیان ایک مضبوط رشتے کی علامت ہے۔×

**CDS-INS CHILIKA**

چیف آف ڈیفنس اسٹاف CDS، جنرل انل چوہان نے کہا ہے کہ اگنی پتھ اسکیم، فوجی خدمات میں نوجوانوں کی شمولیت برقرار رکھنے کی جانب کی گئیں بڑی اصلاحات میں سے ایک ہے۔ انہوں نے یہ بات کل INS چلکا میں اَگنی ویروں سے خطاب کرتے ہوئے کہی، جو بھارتی بحریہ کا اعلیٰ درجے کا تربیتی ادارہ ہے۔

CDS نے بحریہ میں اگنی ویر تربیت کا تفصیلی جائزہ لینے کیلئے INS چلکا کا دورہ کیا، جس میں انہوں نے تربیت سے متعلق بنیادی ڈھانچے کا مختصر جائزہ لیا۔×

**FRENCH OPEN**

ٹینس میں بھارت کے ٹینس کھلاڑی روہن بوپنا اور ان کے آسٹریلیائی ساتھی میتھیو Ebden نے کل رات پیرس کے Stade Roland Garros میں فرینچ اوپن 2024 میں مردوں کے ڈبلز ایونٹ کے تیسرے راؤنڈ میں جگہ بنا لی ہے۔ بوپنا اور Ebden نے برازیل کے Marcelo Zormann اور Orlando Luz کی جوڑی کو سات۔پانچ، چار۔چھ، اور چھ۔چار سے شکست دی۔

بھارت اور آسٹریلیا کی ٹینس جوڑی کو دوسرے راؤنڈ میں ارجنٹینا کے Sebastian Baez اور برازیل کے Thiago Seyboth Wild مقابلہ کرنا تھا لیکن ان کے حریف مقابلے سے دستبردار ہوگئے۔ اس کی وجہ سے بوپنا اور ایبڈن کا مقابلہ گرینڈ سلیم کے تیسرے راؤنڈ میں این سری رام بالاجی اور Miguel Angel Reyes Varela Martinez کی اِنڈو میکسیکن جوڑی سے ہوگا۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... توحید

شکریہ - اسلم بیگ

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اردو اخبارات نے وزیراعظم نریندر مودی کی رہائش گاہ پر ہوئی میٹنگ کی خبر کو سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا نے لکھا ہے ’’وزیراعظم نے شدید گرمی اور سیلاب کی صورتِ حال کا جائزہ لیا اور کہا کہ ریمل طوفان سے متاثر ریاستوں کو مرکز سے ہر ممکن مدد ملتی رہے گی۔

اخبارات نے اروناچل پردیش اور سکم کے اسمبلی انتخابات کے نتائج کی خبر کو پہلے صفحے پر شائع کیا ہے۔ اس سلسلے میں روزنامہ پرتاپ رقم طراز ہے: سکم کی32 سیٹوں میں 31 پر پریم سنگھ تمانگ کی پارٹی ایس کے ایم کامیاب اور اروناچل پردیش میں BJP نے 60 اسمبلی سیٹوں میں 46 پر جیت حاصل کی۔ اس کے علاوہ راشٹریہ سہارا نے نیتی آیوگ کے سابق سی ای او امیتابھ کانت کے اس بیان کو پہلے صفحے پر شائع کیا ہے کہ یہ صدی بھارت کے نام رہے گی۔ بھارت اب تیزی سے عالمی سپر پاور بننے کی راہ پر گامزن ہے۔

روزنامہ پرتاپ، انقلاب، راشٹریہ سہارا، ملاپ سمیت سبھی اخباروں نے دہلی کے وزیرِاعلیٰ اروند کیجریوال کی خود سپردگی کی خبر کو پہلے صفحے پر شائع کیا ہے۔ انقلاب نے اپوزیشن رہنماؤں کے وفد کی الیکشن کمیشن سے ملاقات اور ووٹوں کی گنتی میں شفافیت کے متعلق کئے گئے مطالبات کی خبر کو اولیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1. لوک سبھا انتخابات کے سبھی ساتوں مرحلوں کے تحت ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی کل صبح 8 بجے شروع ہوجائے گی۔ انتخابی کمیشن نے پول افسران کیلئے ایک ہینڈبک جاری کی ہے۔
2. UPI کا لین دین اب تک کی ریکارڈ سطح پر پہنچ گیا ہے۔ یہ مئی میں 14 ارب 4 کروڑ سطح پر پہنچ گیا۔
3. آسام سیلاب میں مرنے والوں کی تعداد 14 ہوگئی ہے اور پانچ لاکھ سے زیادہ لوگ متاثر ہوئے ہیں۔
4. بھارت کے محکمہ موسمیات نے شمال مغربی، وسطی اور مشرقی بھارت میں اگلے دو دن تک کچھ کم شدت تک گرمی برقرار رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔
5. اور ٹینس میں : پیرس میں کل رات روہن بوپنا اور میتھو ایبڈن کی بھارت-آسٹریلیائی جوڑی، فرینچ اوپن کے مردوں کے ڈبلز کے تیسرے راؤنڈ میں پہنچ گئی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---